سوال نمبر:۔12763

منجانب:۔ **محترمہ حمیرہ خاتون صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخوا۔**

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے محکمہ صحت کے سٹاف کی حاضری پورے صوبے میں بائیومیٹرک کر دی ہے؟	اس سلسلے میں عرض ہے کہ مارچ 2020 سے پہلے بائیومیٹرک کی سہولت تمام دفاتر اور ہسپتالوں میں لگادی گئی تھی جو کہ مکمل طور پر فعال تھی۔ مارچ 2020 کے بعد ریلیف ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفیکیشن کے مطابق کرونا کی روک تھام کے پیش نظر بائیومیٹرک سسٹم کو غیر فعال کر دیا گیا۔ Covid-19 کے اختتام پر دوبارہ فعال کر دیا جائے گا۔
(ب)	اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس پر کتنا عمل درآمد ہوا ہے اگر نہیں تو حکومت نے اس مسئلے کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔	مزید برآں اس سلسلے میں ہیومن ریسورس سسٹم پر کام ہو رہا ہے جس میں بائیومیٹرک سسٹم کو ضم کیا جائے گا اور سٹاف کی کارکردگی کو جانچا جائے گا۔ مزید برآں فی الحال تمام دفاتر اور ہسپتالوں میں رجسٹر پر حاضری لگائی جاتی ہے جسے متعلقہ آفیسرز چیک کرتے ہیں۔

Scanned with CamScanner